مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، میں غصہ میں اپنی بیوی کو تین دفعہ کہا "تو میری ماں ہے، تو میری بہن ہے" جبکہ میں حلفاً کہتا ہوں کہ میری اس سے طلاق کی نیت نہیں تھی، برائے مہربانی شریعت کی روشنی میں رہنمائی فرمائی جائے۔

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

واضح رہے کہ شوہر کا بیوی سے یہ کہنا "تو میری ماں ہے، تو میری بہن ہے" اس سے کوئی (ظہار) طلاق واقع نہیں ہوئی (اگر ظہار کی نیت نہ ہو) کیونکہ یہ جملہ حرف تشبیہ سے خالی ہے، تاہم یہ جھوٹ ہے، لہذا ایسا کہنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

سنن أبي داود (٢/٢٦٤ .) :

"عن أبي تميمة الهجيمي، أن رجلاً قال لامرأته: يا أخية، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «أختك هي؟» ، فكره ذلك ونهى عنه.

2211 - حدثنا محمد بن إبراهيم البزاز، حدثنا أبو نعيم، حدثنا عبد السلام يعني ابن حرب، عن خالد الحذاء، عن أبي تميمة، عن رجل، من قومه أنه سمع النبي صلى الله عليه وسلم، سمع رجلاً يقول لامرأته: يا أخية، «فنهاه». قال أبو داود: ورواه عبد العزيز بن المختار، عن خالد، عن أبي عثمان، عن أبي تميمة، عن النبي صلى الله عليه وسلم، ورواه شعبة، عن خالد، عن رجل، عن أبي تميمة، عن النبي صلى الله عليه وسلم".

ويكره قوله: أنت أمي، قال الشامي: جزم بالكراهة تبعاً للبحر والنهر، والذي في الفتح، وفي أنت أمي لا يكون مظاهرًا، وينبغي أن يكون مكروہا۔ (شامي ٥۔ ١٣١ زكريا)والله تعالیٰ اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

١٦ ربیع الاول ١٤٤٥ 03 اکتوبر 2023

الجواب صحیح
محمد زکریا
١٦/٣/١٤٤٥ھ

الجواب صحیح
١٦ ربیع الاول ١٤٤٥ھ
3/10/2023

دار الافتاء
رقم الافتاء: 158/153
التاریخ: 3/10/23
الجامعۃ الاشرفیۃ شارع فیروز پور لاہور

الجامعۃ الاشرفیۃ دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور